© rasailojaraid.com



# زبان میری ہے بات ان کی

ساغر اقبالی

☆ گھی کنستر مزید پچیس روپے مہنگا۔ فی کلو قیمت ایک سو بیس روپے ہوگئی۔ (ایک خبر)

گھی مہنگا ہویا تے کی ہویا　　لوگو شور مچاون دا حق کوئی نئیں
تے میرے ملک وچ کسے غریب نوں وی　　گھی ہانڈی وچ پاون دا حق کوئی نئیں

☆ دین کی دُوری نے مسلمانوں کو کمزور کر دیا۔ (مفتی اعظم شیخ عبدالعزیز)

مسلمانوں کی تنزّلی کی وجہ ہی، دینی ماحول کا فقدان ہے۔

☆ بے نظیر کی ہلاکت کے ذمہ دار بیت اللہ محسود ہیں۔ ترجمان وزارتِ داخلہ

اصل قاتلوں کو چھپایا جا رہا ہے۔ پیپلز پارٹی

☆ حیدر آباد (انڈیا): مکہ مسجد میں شوٹنگ، ثانیہ مرزا کے خلاف مقدمہ درج۔ (ایک خبر)

چوں کفر از کعبہ برخیزد کجا ماند مسلمانی!

☆ سابق چیف جسٹس مجھے غیر قانونی طور پر ہٹانا چاہتے تھے۔ (پرویز مشرف)

میں نے انھیں قانونی طور پر ہٹا دیا۔

☆ اپوزیشن کے پاس عوامی مسائل کے حل کا کوئی منشور نہیں۔ (گورنر پنجاب خالد مقبول)

لاہور میں آٹا ۲۵ روپے کلو تک پہنچ گیا۔ (عوامی مسائل کے حل کا صحیح منشور)

☆ بے نظیر کے قتل کے باعث شہباز شریف کے صاحبزادے کی شادی ملتوی کر دی گئی۔ (ایک خبر)

خوشی کے ساتھ دنیا میں ہزاروں غم بھی ہوتے ہیں
جہاں بجتی ہے شہنائی وہاں ماتم بھی ہوتے ہیں

☆ برسر اقتدار آ کر میڈیا کے خلاف قوانین ختم کر دیں گے۔ (مشاہد حسین)

اک رقاص نے گاگا کے محفل میں کہا
ناچ گانے کی اجازت نہیں دی جائے گی

☆ گندم ہمسایہ ممالک میں سمگل ہو رہی ہے۔ (پرویز مشرف)

روکنے کا بندوبست کون کرے گا؟



© rasailojaraid.com